ENDOCRINOLOGY & DIABETES UNIT
Endocrine Clinic
Phone: 604-875-2117
Toll-free: 1-888-300-3088, x2117
Fax: 604-875-3231
http://endodiab.bcchildrens.ca

اینڈو کرائینو لوجی اینڈ ڈا ئیا بیٹس یونٹ
اینڈو کرائین کلینک

DATE: ______________________________

# MANAGEMENT OF HYDROCORTISONE REPLACEMENT (URDU)

## ہائیڈرو کورٹیزون سے متبادل طریق علاج

خون کے دباو اور خون میں شکر کو متوازن رکھنے کے لئے بدن کو ہائیڈرو کورٹیزون کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ زندگی کے لئے بہر حال ضروری ہے۔ اس کے کوئی نا موافق اثرات نہیں ہیں۔جب بھی متبادل خوراک کی وہ مقدارجس کی بدن کو ضرورت ہےلی جائے۔

## روزانہ کے معمول کی متبادل خوراک

آپ کے بچے کے لئے یہ نسخہ تجویز کیا گیا ہے______________________________ اوراسے ذیل کے مطابق لینا چاہئے۔ صبح ______________________ دوپہر ______________________ شام ______________________

اگر خوراک لینا بھول جائیں، تو جتنی جلد ممکن ہو سکے خوراک لے لیں۔ اگر پورے دن کی خوراک لینا بھول گئے ہوں، تو صرف دو خوراکیں جتنی جلد ممکن ہو سکےلے لیں اور معمول کے مطابق کاربند ہو جائیں۔

## اعصابی خلل کی خوراک ( بیماری کی خوراک )

جسمانی دباو کے وقت، جیسے کہ ذیل میں ہیں، آپ کے بدن کوبہت زیادہ تعداد میں ہائیڈرو کورٹیزون کی ضرورت ہوتی ہے۔

- 101°F یا 38.5°C سے زائد بخار
- بیماری جیسے کہ جی متلانا ، گلے یا کان کا انفیکشن
- درمیانے درجے کی جسمانی چوٹ جیسے کہ ایک زخم جسے ٹانکے درکار ہوں یا ہڈی ٹوٹنا۔

جوں ہی بیماری یا زخم کی شناخت ہو جائے تو عمومی خوراک کی مقدار اس حد تک بڑھا دیں۔

______________________________________________________________

______________________________________________________________

اگر یہ اعصابی خلل والی خوراک ایک ہفتے سے زائد کے لئےدی جائے تو ڈاکٹر سے اس طریق کار پر بات کریں کہ خوراک کو معمول کے مطابق، کیسے واپس لانا ہے۔

شیر خوار بچوں کے لئے خصوصی ہدایات: جب ایک بچہ بیمار ہو تو معمول سے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئے:

- رات کے دوران بچے کا بخار دیکھیں اور اس کا علاج اس طرح کریں جیسے آپ کے ڈاکٹرنے ہدایت کی ہو۔
- اس بات کا یقین کریں کہ بچے کو سیال اشیائ ( فلوڈز ) کی کافی تعداد مل رہی ہے۔ پیڈیا لائیٹ Pedialyte® ایک چائے کے چمچے کے برابرشکر، یا فارمولا میں ملا کر دیں۔
- ایک بچہ جو عام طور پر جواب نہیں دیتا تو ڈاکٹر کو اُسے دیکھنا چاہئے۔

ایسی بیماریوں کے لئے جن میں قے اور/یا اسہال، گہری چوٹ ( ہڈی کا ٹوٹنا)، ہوش کھو دینا ،

عمومی بے ہوشی، یا بڑے مرگی کے دورہ میں انجیکشن کے ذریعہ ایمر جنسی میں ہا ئیڈرو کورٹیزون دینا

ہا ئیڈرو کورٹیزون ا نجیکشن کے لئے (100 mg / 2 mL) __________ mg جو کہ __________ mL (or cc) مقدار میں ہے۔

ا نجیکشن کا اثر فوری ہوگا لیکن زیادہ دیرپا نہیں ہو گا—قریباً 6 گھنٹے ۔ 6 گھنٹے کے بعد بچے کو مزید ہا ئیڈرو کورٹیزون کی ضرورت ہوگی۔ اور اگر بچہ گو لیاں نہیں کھا سکتا تو انجیکشن ضرور دہرایا جائے۔

اضافی ہدایات:__________________________________________________

اگر آپ کا بچہ بیمار ہے اور اسے انجیکشن والے ہائیڈرو کورٹیزون کی ضرورت ہے تو اسے مزید طبی توجہ کی ضرورت پڑنے کا امکان ہے۔ اپنے بچے کو مزید جائزے اور علاج کے لئے فو راً مقامی ہسپتال لے کر جائیں۔

ضرورت پڑنے پر، اینڈو کرائینو لوجی اینڈ ڈائیا بیٹس یونٹ (Endocrinology & Diabetes Unit) سے بی.سی کے چلڈرن ہسپتال میں رابطہ کریں۔ شام اور ویک ا ینڈ میں 24 گھنٹے پییجنگ سروس کو اس نمبر 604-875-2161 پر کال کریں اور پیڈیا ٹرک اینڈو کرائینو لو جسٹ ۔آن ۔کال (Pediatric Endocrinologist-on-call) کے بارے میں دریافت کریں۔

بے ہوشی یا کسی دوسرے شدید طبی بحران کی صورت میں فوری طور پر انجیکشن دیں اور مدد کے لئے 911 کو کال کریں